© rasailojaraid.com



# مجسمہ علم وعمل

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد انوار الحق حقانی مدظلہم
مرکزی نائب صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

دنیا میں کئی اسلاف اور ان کے واقعات کچھ ایسے ہوتے ہیں جو انسانی تاریخ پر گہرے نقوش وعمیق اثرات چھوڑ جاتے ہیں اسی نوع کے واقعات میں قدوۃ المفسرین امام المحدثین زبدۃ العارفین سید السند حضرت العلامۃ مولانا سلیم اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ کی وفات حسرت آیات کا عظیم واقعہ بھی ہے۔ جنکا سانحہ اس قدر شاق وسنگین ہے کہ اپنی نوعیت میں صرف ایک نہیں بلکہ اس کے ضمن میں صدہا سانحات مضمر ہیں۔

لیس علی اللہ بمستنکر ☆ ان یجمع العالم فی واحد

حضرت شیخ الحدیث صاحب نور اللہ مرقدہ ہمارے عہد کی اُن یگانہ ہستیوں میں سے تھے جن کا نفس وجود ہی امت کے لئے رحمتوں اور برکتوں کا باعث ہوتا ہے اور جن کو اللہ تعالیٰ کسی دور میں فیض رسانی کے لئے منتخب اور موفق فرمالیتے ہیں۔ پاکستان بھر کے علماء میں ان کی ذات اس وقت ایسی تھی کہ مختلف نقطہ ہائے نظر کے لوگ بھی انکے علم وفضل، تقدس وتقویٰ، جہد وعزیمت، مدارس واہل مدارس کی سرپرستی ونگرانی اور ملت کے درد کے نہ صرف معترف تھے بلکہ اس کے آگے سرتسلیم خم تھے اور جو مشکلات بڑے بڑے علماء کرام کے لئے مرجع بنی ہوئی تھی حضرتؒ کی مثال ایسے گھنے اور سایہ دار درخت کی سی تھی جس کی چھاؤں میں امت کے تمام افراد اور خصوصاً اہل علم ودین کو آغوش مادر کا سکون وسرور میسر آتا تھا آج پوری علمی ودینی برادری اس عظیم سائے سے محروم ہوگئی اور ملت کا سہارا چھین گیا۔ حضرت صدر صاحب کی رحلت ہمارے لئے ایک ایسا جانکاہ سانحہ لے کر آیا جس کا زخم مندمل ہونا آسان نہیں۔ صدر صاحب کے ساتھ راقم کا نیازمندی کا تعلق قائم رہا اور آج جب سطور لکھنے بیٹھا ہوں تو پچھلے تقریباً نصف صدی کے واقعات کا ایک تسلسل ہے جو نگاہوں کے سامنے صف آراء ہے۔ حضرت مرحوم کی بابرکت زندگی جو طلب مال وحصول جاہ میں نہیں بلکہ نیکیوں میں علمی مساعی اور اسلام کے تعمیری کاموں میں صرف ہوئی صدہا سال کے برابر ہے۔

اللہ رب العزت نے حضرت صدر صاحب کو یوں تو سارے ہی علوم میں دسترس عطا فرمائی تھی لیکن خاص



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

طور پر علم حدیث کے ساتھ آپ کا تعلق اور اشتغال اس درجہ تھا کہ شیخ الحدیث آپکے اسم گرامی کا جز بلکہ قائم مقام بن گیا تھا۔ کم وبیش ۶۵ سال تک درس بخاری شریف پڑھاتے رہے ضعیف العمری اور علالت کے باوجود آخر تک بخاری شریف کا سبق پڑھاتے رہے ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء بلاشبہ حضرت مرحوم علمی شغف کے رکھوالے اور اس میدان میں سبقت لے جانے والے اقران میں فائق تھے۔ فنون درس نظامیہ میں ملکہ ومہارت خصوصاً تفسیر وحدیث میں اپنی مثال آپ تھے اعلیٰ عمدہ اور جید مدرسین کے صف میں شمار ہوتے تھے، تصنیف وتالیف سے مناسبت رکھنے والے تھے دوران تدریس ۲۴ جلدوں پر مشتمل بخاری شریف کی مشہور ومقبول شرح کشف الباری لکھی امام بخاریؒ کی عملی خدمات پر لغتِ عربی میں دقیع تحقیقی مقالہ بھی لکھا۔ مشکوٰۃ شریف کی شرح بھی ۵ جلدوں میں لکھیں اُردو مضامین اور اداریوں کا مجموعہ صدائے حق کے نام سے شائع کیا، طویل زندگی عبارت بابرکت زندگی سے ہوتی ہے یعنی زندگی کے طویل ہونے کا ایک معنی یہ بھی ہے کہ جس میں انسان اپنی مراد اور منزل مقصود تک پہنچ جائے اور سالوں کا کام مہینوں، مہینوں کا ہفتوں، ہفتوں کا دنوں اور دنوں کا کام لمحات میں انجام پاسکے۔ اور کام بھی مقصد دین ومذہب کے ہوں اور حضرتؒ نے کر دکھایا۔

۱۹۸۰ء میں حضرت۔ رحمۃ اللہ علیہ کو وفاق المدارس کا ذمہ دار مقرر کر دیا گیا ۹ سال تک ناظم اعلیٰ رہے۔
۱۹۸۹ء سے لیکر آخری دم حیات تک وفاق المدارس العربیہ کے صدر رہے۔ حضرت شیخ الحدیث کے دور صدارت میں وفاق المدارس العربیہ نے جو ترقی کی وہ اپنی مثال آپ ہے۔ مجھے یاد ہے جب وفاق المدارس العربیہ کے ملک بھر میں ترویج واشاعت کیلئے بلوچستان اور سندھ کے دور دراز مقامات پر تشریف لے جانے کیلئے حضرتؒ نے اونٹوں، پیدل، اور خچروں تک پر سفر کرنے سے گریز نہیں کیا اور عبادت سمجھ کر اس کام کو لگن، محبت اور دلجمعی سے پورا فرمایا۔ الحمدللہ حضرت کی کوششیں بارآور ہو کر آج وفاق المدارس العربیہ کے تحت چلنے والے مدارس ملک بھر کے کونے کونے میں موجود ہیں اور یہ سب اظہر من الشمس ہیں۔ ایسا لگتا تھا کہ حضرتؒ ایک بہترین چھتری کی حیثیت اختیار کر چکے جن کے سایے تلے ملک کے تقریباً اٹھارہ ہزار مدارس جو دین اور ملک کے نظریاتی اور جغرافیائی محافظ ہیں پھل پھول رہے تھے۔

علم وفضل کے اس مقام بلند اور عظیم خدمات کے باوجود شخصیت ایسی کہ علم کے دعوے تقدس وتقویٰ کے ناز پر کوئی ہلکی پر چھائی بھی وہاں پر نظر آنے کا کوئی سوال ہی نہیں تھا۔ سادگی بے تکلفی اور تواضع فنائیت کا ایسا پیکر جمیل کہ اللہ اکبر اپنے سارے مقامات عالیہ کے باوجود چھوٹوں اور احباب کے ساتھ ایسے گھلتے ملتے کہ کوئی پہچان ہی نہیں سکتا تھا کہ شیخ الحدیث ہیں جن کی علمی خدمات کے احسان سے دنیا بھر کے اہل علم کی گردنیں جھکی ہوئی ہیں عرصہ دراز سے چلنے پھرنے کے معذور ہو چکے تھے باوجود اس بیماری ومعذوری اور ضعف کے انکی مصروفیات ہمارے لئے باعث



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

رشک ہی نہیں حیرتناک بھی تھیں اوران کی تفصیلات دیکھنے والا ایک زندہ کرامت یا قوت ایمانی کے کرشمہ کے سوااس کواور کوئی نہیں کہہ سکتا۔ والد محترم شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ سے شرف تلمذ حاصل کرنے کی وجہ سے استاذ کے بیٹے یعنی احقر کا اتنا احترام فرماتے کہ شرم وحیاء کی وجہ سے کانپ جاتا۔

میں کافی عرصہ سے وفاق المدارس العربیہ میں بحیثیت رکن مجلس عاملہ، مرکزی ناظم وفاق اوراب بھی الحمد للہ مرکزی نائب صدر وفاق المدارس العربیہ کی حیثیت سے اپنی حقیر خدمات سرانجام دے رہا ہوں مقصد یہ کہ ملاقاتوں کا سلسلہ کئی سالوں سے جاری رہا احقر کو دیکھ کر بابرکت چہرے سے باوجود ضعف کے ہشاش بشاش انداز میں مسکراہٹ سے ملاقات فرماتے وفاق المدرارس کے مرکزی دفتر ملتان میں صدر صاحب کی اقامت کیلئے ایک کمرہ مختص تھا کئی دفعہ جب میں ملاقات کیلئے کمرہ میں داخل ہوتا حضرت کمزوری کی وجہ سے چارپائی پر لیٹے رہتے بندہ کو دیکھ کر فوراً اُٹھنے کیلئے بے پناہ کوشش کرکے بیٹھ جاتے احقر ان کے قریب کرسی پر بیٹھ جاتا ان کو بارہا بارعرض کرتا کہ آپ لیٹ جائیں فرماتے میں برداشت نہیں کرسکتا کہ میرے استاذ زادے میرے پاؤں کی طرف بیٹھے رہیں اور میں لیٹا رہوں گویا آپ عجز وانکساری اورادب احترام کوملحوظ خاطر رکھنے کا مجموعہ تھے پھر میں نے ان کی اقامت گاہ میں بلا اشد ضرورت داخل ہونے سے احتراز شروع کردیا ان کی محبت ودلی لگاؤ کا یہ عالم تھا کہ اگر کبھی میں زیادہ دیر تک ان سے نہ ملتا تو وہ ناکارہ بندہ کے پیچھے قاصد بھیج کر اپنے پاس بلاتے۔ کاش اگر یہ ادب واحترام کا رشتہ آج بھی ہم جیسے حقیر طالب علموں میں موجود ہوتا تو استاذ وشاگرد کا یہ مقدس وشفاف رشتہ ہمیں اوج ثریا تک پہنچا دیتا۔ حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہؒ کی وفات حسرت آیات پر اکوڑہ خٹک جامعہ حقانیہ آکر ایسے خوشی اورسکون کا اظہار فرمایا جیسی راحت انسان اپنے گھر پہنچنے پر بیان یا محسوس کرتا ہے۔

بہرحال حضرت شیخ نفس مطمئنہ، راضیۃ مرضیۃ لیکر بارگاہ حق میں پیش ہوتے اور عباد مقربین اورصالحین میں اپنا مقام بنایا، برد اللہ مضجعک ونور اللہ ضریحک۔

ان کی مصروفیات ہمارے لئے باعث رشک ہی نہیں حیرتناک تھیں اوران کی تفصیلات دیکھنے والا ایک زندہ کرامت یا قوتِ ایمان کے کرشمہ کے سوا کچھ نہیں کہہ سکتا۔۔

یوں تو عالم اسلام کا ہر فرد اس حادثے پر مستحق تعزیت ہے لیکن دارالعلوم حقانیہ اور نوائے حق کے اراکین خاص طور پر حضرت صدر صاحب کے اہل وعیال کی خدمت میں پیغام تعزیت کرنے کے بعد دعا گو ہیں۔ کہ اللہ رب العزت حضرت کو جنت الفردوس میں ترقی ودرجات عطا فرمائیں پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخش اور حضرت نے اپنی تصانیف کے ذریعے تعلیمات وہدایات کا جو ذخیرہ چھوڑا ہے ہم سب کو اس پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین


© rasailojaraid.com